© rasailojaraid.com

## جب قافلے حرم کو چلے

ترتیب وتالیف: خطیب سعید احمد راشدی

صفحات: ۳۲۹/ طباعت: عمدہ/ قیمت: لکھی نہیں

ملنے کا پتا: چودھری ندیم حسین، چودھری انور مارکیٹ، سی ایم ایچ روڈ محمد بازار جہلم کینٹ،

فون: 0300-9524077

جناب سعید احمد راشدی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور کے فاضل ہیں، انہوں نے اِسلام کے پانچویں اہم ترین رکن حج کے مسائل واحکام اور حرمین شریفین کے بارے معلومات جمع کردی ہیں، مصنف کا کہنا ہے کہ:

''برصغیر پاک وہند میں اردو زبان میں اس موضوع پر تصانیف اور تالیفات کی کمی نہیں، لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ضرورتیں بدلتی رہتی ہیں اور نت نئے مسائل پیش آتے رہتے ہیں، بدلتی ضرورتوں اور وقت کے جدید تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے راقم نے بھی ایک حقیری کوشش کی ہے...... حج اور عمرے کو قرآن وسنت کے مطابق ادا کرنے کے لیے تمام دلائل کو یکجا کردیا گیا ہے''...... مصنف کے دعویٰ کے مطابق حج، عمرہ اور زیارات حرمین پر اردو زبان کی مفصل، جدید اور جامع ترین کتاب قاری کو اتنی محقق، مفصل گفتگو اردو زبان میں شاید ہی مل سکے۔

## سہ ماہی المظاہر

مدیر: محمد طفیل کوہاٹی

صفحات: ۱۲۰/ قیمت: ۲۰ روپے/ زرسالانہ: ۲۰۰ روپے

ملنے کا پتا: جامعہ مظاہر علوم، ڈاکخانہ بلی ٹنگ، پنڈی روڈ کوہاٹ۔ فون 0332-3009045

سہ ماہی ''المظاہر'' مولانا مفتی عنایت اللہ مدظلہم کی سرپرستی اور نوجوان فاضل مولانا محمد طفیل کی ادارت میں شائع ہونے والا گراں قدر علمی مجلہ ہے، وسائل کی کمیابی کی وجہ سے اگرچہ سادہ سا رسالہ ہے مگر تحقیقی مجلات میں سرِفہرست رکھے جانے کے قابل ہے۔ اداریہ ''معاشرہ کی اصلاح وبگاڑ پر مالی رویوں کے اثرات'' فکرونظر کی گہرائی کا پتا دیتا ہے'' دیگر مشمولات میں ابن جریر طبری کی شخصیت اور ایک تاریخی غلطی۔ نظم قرآنی، چند اہم مباحث۔ شاتم رسول کی سزا، کلاسکی ذخیرہ اور عصری مغالطے۔ عیسائیت کا نظریہ خدا اور اس کے سماجی اثرات۔ مولود کعبہ کی تعیین اور ایک غلطی کا ازالہ۔ مناظرہ، دینی مقام، تاریخی پس منظر علمی ذخیرہ۔ جسمانی سزا اور اس کی شرعی حدود...... جیسے قابل مطالعہ مقالات ومضامین شامل ہیں۔ ہمارے خیال میں اہل علم کو ضرور اس نووارد پرچے کو پذیرائی بخشنی چاہیے۔

زیرنظر شمارہ جلد دوم کا دوسرا شمارہ برائے ماہ ربیع الثانی، جمادی الاولیٰ، جمادی الثانیہ ہے۔



© rasailojaraid.com